## ایم کیوایم، قائداعظم کی تعلیمات کے مطابق ملک میں نسلی، فقہی اور مذہبی تفریق کا خاتمہ کرے گی، الطاف حسین

## ایم کیوایم درس وتبلیغ کے ذریعہ پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے

## کامل یقین ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو یوم پاکستان کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو یوم پاکستان کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی تعلیمات کے مطابق ملک میں نسلی، فقہی اور مذہبی تفریق کا خاتمہ کرے گی تاکہ ملک بھر کے عوام میں اتحادواتفاق مضبوط ہو، تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری حاصل ہو، ملک بھر کے عوام کو ان کے جائز حقوق میسر آسکیں اور انہیں تعلیم ،صحت اور روزگار سمیت زندگی کے ہر شعبہ میں انصاف فراہم کیا جاسکے۔ جناب الطاف حسین کہا کہ ایم کیوایم ، پاکستان کی بقاء وسلامتی اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور درس وتبلیغ کے ذریعہ پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہمیں کامل یقین ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور پاکستان میں حق پرستی کا سورج پوری آب وتاب سے روشن ہوکر ملک کے ہر گوشے کو منور کردے گا۔

## ایماندار اور دیانتدار لوگ ہی پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نجات دلاسکتے ہیں، الطاف حسین

## ٹیکس کی ادائیگی میں بددیانتی کے باعث قومی خزانہ کو شدید نقصان پہنچا اور عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دب گئے

## صدر پاکستان کی جانب سے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو ستارہ امتیاز ملنے پر دلی مبارکباد

لندن۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو ستارہ امتیاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایماندار اور دیانتدار لوگ ہی پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نجات دلاسکتے ہیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم پاکستان کے موقع پر صدر پاکستان کی جانب سے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور کو پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے پر ستارہ امتیاز سے نوازا گیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے نہ صرف قومی خزانہ کی لوٹ مار میں ملوث نہیں ہیں بلکہ دیانتداری اور ایمانداری سے ٹیکس بھی ادا کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 63 برسوں سے سرکاری بنکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے گئے اور غلط گوشوارے جمع کراکر ٹیکس کی ادائیگی میں بددیانتی کا مظاہرہ کیا جاتا رہا ہے جس کے باعث قومی خزانہ کو شدید نقصان پہنچا ہے اور پاکستان کے عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے جارہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خواجہ سہیل نے سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرکے ملک بھر کے عوام پر واضح کردیا ہے کہ ایسے ہی لوگ نہ صرف پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نجات دلاسکتے ہیں بلکہ پاکستان کو مضبوط ومستحکم اور عوام کے بنیادی مسائل بھی حل کرسکتے ہیں۔

## فورٹ عباس میں 12 سالہ لڑکی سے زیادتی اور اسے پھانسی دیکر مارنے کی کوشش کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

لاہور۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر محمد علی حسین نے فورٹ عباس کے کچھی والا کے نواحی گاؤں میں بگڑے رئیس زادے کی جانب سے 12 سالہ لڑکی سے زیادتی اور اسے پھانسی دیکر مارنے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اس وحشیانہ حرکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں زمینداروں، بااثر افراد اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے غریب عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں اور ناانصافیوں کے خلاف ہی متحدہ قومی موومنٹ جدوجہد کررہی ہے اور ملک بھر سے اس استحصالی نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام ناانصافیوں اور زیادتیوں کے خاتمے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کو مضبوط کریں اور اس کا بھرپور ساتھ دیں۔ رابطہ

کمیٹی کے ارکان نے زیادتی کا نشانہ بننے والی بچی اوراس کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ انصاف کے حصول سے ہرگز مایوس نہ ہوں۔افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر محمد علی حسین نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ فورٹ عباس میں 12 سالہ لڑکی سے زیادتی اوراسے مارنے کی کوشش کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث بااثر افراد کو قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی پر اورنگی ٹاؤن کے حق پرست نمائندوں کا خیر مقدم

کراچی۔۔۔23،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے اورنگی ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کی جانب سے سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال میں خورشید بیگم میموریل بلاک کے افتتاح اوراس میں 80 بستروں پر مشتمل میڈیکل وارڈ،سرجیکل وارڈ اور 12 بستروں پر مشتمل میڈیکل آئی سی یو کی سہولیات کی فراہمی کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن ایشیاء کی سب سے بڑی کچی آبادی ہے اور یہاں حق پرست قیادت نے طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنا کر ثابت کردیا ہے کہ وہ عوام میں سے ہی ہیں اور عوام کی بلاتفریق عملی خدمت کا جذبہ لیکر آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ گورنمنٹ اسپتال میں صوبے کا پہلا میڈیکل آئی سی یو قائم کیا گیا ہے،امراض قلب کے مریضوں کے علاج کیلئے کارڈیک یونٹ اوراسپتال میں پہلی بار بلا معاوضہ ڈائلیسس کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ قطر اسپتال میں فراہم کی گئی طبی سہولیات سے بلاتفریق لوگ مستفید ہوں گے اوران تمام طبی سہولیات کی فراہمی حق پرست قیادت کی جانب سے اورنگی ٹاؤن کے عوام سے کئے گئے وعدے کی تکمیل اور تحفہ ہے۔اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن کے عوام کو سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی پر مبارکباد پیش کی اوراس عزم کا اظہار کیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے جدوجہد کرتے رہے گے۔

## پیپلز پارٹی (ش ب)ضلع نصیر آباد کے ضلعی جنرل سیکریٹری محمد صدیق کھوسہ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## جناب الطاف حسین ملک وقوم کو بحرانوں سے نجات دلا کراسے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں،محمد صدیق کھوسہ
## ایم کیوایم ضلع نصیر آباد کے ضلعی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب

نصیر آباد۔۔۔23،فروری2010ء

پیپلز پارٹی (ش ب) بلوچستان ضلع نصیر آباد ضلعی جنرل سیکریٹری محمد صدیق کھوسہ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ضلع نصیر آباد کے ضلعی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ضلع نصیر آباد کے ضلعی آرگنائزر حاجی عبدالمالک جمالی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔محمد صدیقس کھوسہ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کی قومیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اوران کی عملی اور مستقل جدوجہد اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب الطاف حسین ملک وقوم کو بحرانوں سے نجات دلا کراسے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر ڈھائے گئے تمام تر ریاستی مظالم کے بعد اس کی حب الوطنی آج بھی نہ صرف قائم ہے بلکہ پہلے سے زیادہ مضبوط ہوئی ہے جو ملک دشمن عناصر کی آنکھوں میں کانٹا بن کر چبھ رہی ہے۔انہوں نے ملک بھر کے مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو اپنا رہے ہیں اور ایک دن ضرور 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کا اتحاد 2 فیصد استحصالی طبقے کو بہا کرلے جائے گا اوراس دن ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا سورج طلوع ہوگا۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ حق پرستی کی تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو گھر گھر پھیلائیں گے۔اس موقع پر ایم کیوایم ضلع نصیر آباد کے ضلعی آرگنائزر حاجی عبدالمالک جمالی نے محمد صدیق کھوسہ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اوران کی شمولیت کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی فتح قرار دیا۔دریں اثناء ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر یوسف شاہنوانی نے محمد صدیق کھوسہ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر ٹیلی فون کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## کوئٹہ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے پروفیسر فضل بخاری کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے معروف ماہر تعلیم، سابق چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری بورڈ آف ایجوکیشن اور مقامی کالج کے پرنسپل پروفیسر فضل بخاری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں پروفیسر فضل بخاری کا قتل کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے پروفیسر فضل بخاری کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پروفیسر فضل بخاری کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے ۔

## بجلی کی آئے دن کی لوڈشیڈنگ کے بعد اب چھٹیوں کے دنوں میں بھی غیر اعلانیہ اور طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## عوام ذہنی اذیت اور چڑچڑے پن میں مبتلا ہو کر گھروں سے نکل کر احتجاج پر مجبور ہو رہے ہیں

## بجلی کی لوڈشیڈنگ سے امن وامان کا مسئلہ درپیش ہے، متعدد صنعتی یونٹ بند ہو چکے ہیں، تعلیمی اداروں میں پڑھائی متاثر ہے، گھروں میں پانی نہیں ہے، لوڈشیڈنگ کا فی الفور خاتمہ کیا جائے

کراچی ۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو لاحق مشکلات اور پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ سے عوام کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہو رہے ہیں اور وہ ذہنی اذیت اور چڑچڑے پن میں مبتلا ہو کر گھروں سے نکل کر احتجاج کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے سبب نہ صرف امن وامان کی خرابی کا مسئلہ درپیش ہے بلکہ متعدد صنعتی یونٹ بند ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں افراد بے روزگار ہو چکے ہیں، تعلیمی اداروں میں طلباء کی پڑھائی متاثر ہے اور گھروں میں پانی کے اوقات میں بجلی نہیں ہے اور بجلی ہے تو پانی میسر نہیں ہے جس کے باعث بچوں کے امتحانات متاثر ہو رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی اور بیروزگاری کے باعث سخت مشکلات کا شکار ہیں اور بجلی کی آئے روز کی لوڈشیڈنگ کے بعد اب چھٹیوں کے دنوں میں بھی غیر اعلانیہ اور طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کا فی الفور خاتمہ کیا جائے، کے ای ایس سی کے عملے کی مجرمانہ غفلت اور لاپروائی پر باز پرس کی جائے اور عوام کو بجلی کی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں ۔

## ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے شہید کارکن محمد اسلام الدین کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔23، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے شہید کارکن محمد اسلام الدین کی والدہ محترمہ ثمر سلطانہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆